© rasailojaraid.com



بیان کی گئی ہیں۔ کتاب نصیحت آموز اور بہترین تذکار و موعظت کا دل آویز مجموعہ ہے۔ یوں تو یہ سب پڑھے لکھے لوگوں کے لیے مفید رہے گی مگر واعظین و مقررین اور خطبائے مساجد کے لیے بالخصوص فائدہ مند ثابت ہوگی۔

حضرت مولانا کے فرزند ارجمند مولانا سمیع الحق (مدیر الحق) کی یہ بڑی خدمت ہے کہ انھوں نے نہایت سلیقے اور قابلیت کے ساتھ ان بکھرے ہوئے جواہر پاروں کو جمع کر کے کتابی شکل میں شائقین کے سامنے پیش کر دیا۔ اس پر وہ بجا طور سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ کتاب کی افادیت کے پیش نظر ہم اپنے معزز قارئین سے اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

زینت الاسلام۔ حصہ اول و دوم

مصنف : مولانا حافظ محمد لکھوی ؒ

ناشر : المکتبۃ السلفیہ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور۔

صفحات : ۱۷۶، قیمت درج نہیں۔

زینت الاسلام حضرت مولانا حافظ محمد بن بارک اللہ لکھوی (متوفی ۱۳۲۱ھ/۱۸۹۱ء) کی معروف تصنیف ہے، جو پنجابی نظم میں ہے اور دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ ۸۰ صفحات کو محیط ہے اور دوسرا حصہ ۹۶ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ دونوں حصے یکجا ہیں۔

حافظ صاحب مرحوم اپنے دور کے بہت بڑے عالم دین اور پنجابی کے شاعر تھے۔ اور متعدد اصلاحی اور فقہی کتابوں کے مصنف تھے۔ وہ صحیح معنوں میں مصلح پنجاب تھے۔ علوم مروجہ کی بہت سی شاخوں پر وہ مجتہدانہ نگاہ رکھتے تھے۔ ان کا تصنیفی درجہ بھی بلند تھا۔ مسائل تفسیر و حدیث اور فقہ کو شعر کے قالب میں ڈھالنے میں ان کو خاص ملکہ حاصل تھا۔

تفسیر محمدی (جو سات ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے)، احوال الآخرت اور انواع محمدی وغیرہ ان کی مشہور تصانیف میں سے ہیں۔ زیر نظر کتاب زینت الاسلام ان کی ایک تبلیغی اور اصلاحی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں دینی و فقہی مسائل بیان

© rasailojaraid.com